علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism " پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: عربی قواعد (1919) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر1-5)

سوال نمبر1۔ کلمہ کی تعریف کریں اور اس کی تینوں اقسام کی منطقی تقسیم واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ اعراب کی لغوی اور اصطلاحی تعریف کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ جملہ کی تعریف کریں اور جملہ اسمیہ وفعلیہ کا فرق بتائیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ مرکب کی تعریف کریں اور "مرکبِ ناقص" و "مرکبِ تام" کے درمیان بنیادی فرق مثالوں سے واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ فعل کی تعریف کریں اور زمانہ کے لحاظ سے اس کی بنیادی اقسام بیان کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر6-9)

سوال نمبر1۔ فعل مضارع کی تعریف کریں اور بتائیں کہ اس میں کون سے دو زمانے پائے جاتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر2۔ "ثلاثی مجرد" سے کیا مراد ہے؟ اس کی اصطلاحی تعریف کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ "ثلاثی مزید فیہ" کی تعریف کریں اور مجرد و مزید میں فرق واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ "نحو" کی تعریف کریں اور اس علم کا بنیادی مقصد بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ عطفِ بیان اور صفت میں کیا باریک فرق ہے؟ (20)